

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ صفر ۱۳۳۷ھ مطابق ۲۵ نومبر ۱۹۱۸ء | جلد ۳۰

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایوں بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۹ نومبر ۱۹۱۸ء

جو شیرہ کہ پیداوار ریاست نو اسپرٹ روپیہ آٹھ پائی چنگی لیا جانا منظور ہے
کاغذات صاحب ہوم سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہو - فقط

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

دستخط صاحب ...

بغرض عرض
میر منشی
جناب عالی
بملاحظہ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ چنگی وتحریر میونسپل افسر صاحب واضح ہوا کہ شیرہ پر محصول چنگی

نمبر باجا ہی ورقانون جنگی میں شیرہ مستثنیات میں داخل نہیں ہی ایسی حالت میں جاں نثار کی رائے میں جو شیرہ کہ پیداوار ریاست نمبر؟ روپیہ آنہ پائی محصول جنگی قائم ہونا چاہیے۔ لہذا عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم اجلاس ہمایوں میں پیش کیجاتی ہی۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط قاضی صاحب ... سکرٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۲ نومبر ۱۹۱۸ء

صاحب اسسٹنٹ انجینیر بہادر کی تجویز منظور ہی۔ منشی نانا پرشاد کا تقرر بعہدہ ڈپٹی مجسٹریٹ انہار کیا جاتا ہی۔ انکو ایک سو بیس روپیہ ماہوار تنخواہ اور چالیس روپیہ ماہوار الاؤنس ۱۵ نومبر ۱۹۱۸ء سے ملیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میر سامنہ

جناب عالی

بابو دوارکا پرشاد صاحب انجینیر انہار کے ناگہانی اور بے وقت انتقال سے صیغہ تعمیرات کو بہت نقصان پہنچا وہ نوجوان اور ہونہار افسر تھے اور ترقیخواہ کو انہوں نے بہت مدد دی۔ چونکہ پیشگاہ عالی سے از راہ قدر افزائی ایما ہوا ہی کہ پسماندگان بابو دوارکا پرشاد کی بطریق احسن پرورش کیجاوے۔ لہذا بابت ترقیخواہ جو تجویز مناسب معلوم ہوئی وہ بندگان عالی کے حضور میں پیش کیجاتی ہی۔

(۱) صیغۂ انہار دو حصوں پر منقسم ہی۔

(الف) کنسٹرکشن ورک یعنی تعمیر جسکے واسطے ایک تجربہ کار انجینیر کی ضرورت ہے اس بابت خط و کتابت جاری ہی۔

(ب) انتظام آبپاشی۔ یہ ایک علیحدہ جزو ہی اور اسکی نگرانی ایک ایماندار اور قابل افسر کرسکتا ہی اس میں ماہر فن کی چنداں ضرورت نہیں اور یہ دونوں کام ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ ہیں۔

(۲) مسٹر رائٹ صاحب چیف انجینیر سابق کو اور انکے بعد جب سے ترقیخواہ کے سپرد صیغہ تعمیرات ہوا ہی مجھکو یہ خیال تھا اور برٹش گورنمنٹ اگر بڑی صیغہ آبپاشی کے انچارج افسر کو نہروں کے متعلق جو جھگڑے اور مقدمات ہوتے ہیں انکی تحقیقات اور انفصال کیلیے اختیارات مجسٹریٹی دیے جانا ایک مفید امر ہی۔ یہ افسر برابر دورہ میں رہتا ہی۔ اور اس قسم کے معاملات کو موقعہ پر تحقیقات کرکے فیصلہ کرسکتا ہی۔ علاوہ اسکے رعایاے سرکار اور ملازمان آبپاشی صدر میں آمد و رفت کی کشاکشی سے بھی محفوظ رہ سکینگے اور کام میں بھی حرج نہوگا۔ ترقیخواہ کی یہ استدعا ہی کہ بابو نانا پرشاد صاحب برادر حقیقی بابو دوارکا پرشاد صاحب کو بشاہرہ ایکسو بیس روپیہ ماہوار بعہدہ ڈپٹی مجسٹریٹ انہار باختیارات مجسٹریٹی درجہ سوم مقرر فرمایا جائے اور انکے سپرد نگرانی آبپاشی بھی رہے اور چونکہ انکو برابر دورہ پر رہنا ہوگا اس لیے علاوہ تنخواہ کے چالیس روپیہ بطور ٹراولنگ الاؤنس دیا جانا منظور فرمایا جاوے۔

(۳) ڈپٹی مجسٹریٹ انہار بوجہ اسکے کہ انہار جزو پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ ہے اور بڑا حصہ انکی خدمات کا نگرانی آبپاشی ہی اسلیے ہیڈ انجینیر کے ماتحت رہینگے مگر بحیثیت مجسٹریٹی انکو صیغہ جوڈیشل سے اسیقدر تعلق رہیگا جسقدر کہ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو بحیثیت مجسٹریٹ آبکاری اسوقت ہی۔

(۴) برٹش گورنمنٹ میں ایکٹ بابت مقدمات آبپاشی جاری ہی اسکا ضروری ترمیمات بلحاظ ریاست کرکے ایک مسودہ اسکا بطور مشورہ اور تجویز جناب صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر حضور عالی میں بغرض منظوری اور اجرا عنقریب پیش کیا جائیگا۔ دولت جاوید باد۔

دستخط بابو ... صاحب ... ہیڈ انجینیر

ترقیخواہ

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۷ لغایت ۲۳ نومبر سنہ ۱۹۱۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵ مار		۴ے۰ مار	۵ مار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۵۰ مار		۵۰ مار	۴ے مار			
نخود کنہ آمیز	۶ مار		۶ مار	۶ مار			
کنہ	۷ مار		۶ے مار	۰۰۷ مار			
ماش	۳ے۰ مار		۴ے مار	۴۰ مار			
مونگ	۰۲ مار		۳ مار	۰۳ مار			
مکا	۴ے مار		۴ے مار	۷ مار			
جئی	۴ مار		۰	۰			
گوجی	۰		۵۰ مار	۰			
عدس	۵ مار		۵ مار	۰			
ارہر	۵ مار		۶ مار	۰			
برنج	۳ مار		۳۰ و ۳ مار	۳ مار			
روغن زرد	۰ مار		۰۰ مار	۰ مار			
روغن سیاہ	۱ے مار		۱ے مار	۱ے مار			
روغن کنجد	۰۰ مار		۱ مار	۰			
نمک سانبھر	۱۳ے مار		۱۰ مار	۸ مار			
نمک لاہوری	۶ مار		۶ مار	۶ مار	۰		
قند سیاہ	۶ مار		۵ مار	۶ مار			
باجرہ	۵ے۰ مار		۲ے مار	۲ے مار			